Edition III



# Punjab Model Bazaars Management Company (PMBMC)



Industries, Commerce, Investment & Skills Development Dept.
Govt. of the Punjab.

## MAGAZINE

JANUARY, 2020

## Table of Contents:


ماڈل بازار میں آپ کی شکایت کا ازالہ

اپنے حق کے لئے آواز اٹھاو

Complaint Cells in Model Bazaars

آو سیر کو چلیں

Christmas Celebrations

Quaid Day

News Buzz

Media Highlights

Media Diary

Your Say…

# ماڈل بازار میں آپ کی شکایت کا ازالہ کیسے کیا جاتا ہے



- ★ شکایت اگر بازار میں گراں فروشی، کوالٹی یا اسٹال ہولڈر کے رویئے سے متعلق ہو تو بازار مینیجر فوری طور پر آپ کی شکایت کے ازالے کے لئے شکایت کا جائزہ لے کر اسٹال ہولڈر کو جرمانہ کرسکتا ہے۔ اسٹال بند کرواسکتا ہے یا اسٹال کینسل بھی کرسکتا ہے۔
- ★ اگر آپ کی شکایت کی نوعیت اس کے علاوہ ہے تو بازار مینیجر یا آپ نے جس فارم کے ذریعے درج کروائی ہے تو شکایت متعلقہ انچارج / بازار مینیجر کو بھجوا دی جاتی ہے جو آپ سے تین کاروباری دنوں میں رابطہ کر کے آپ کی شکایت کے متعلق آپ کو آگاہ کرنے کا پابند ہوتا ہے۔
- ★ اگر آپ کو محسوس ہو کہ آپ کی دادرسی ٹھیک سے نہیں کی گئی تو آپ سینٹرل کمپلینٹ لائن سے رابطہ کر کے اپنی شکایت کا اندراج کروا سکتے ہیں، جس کو فوری طور پر کمپنی کے سینئر نمائندہ کو جائزہ کے لئے بھیج دیا جائے گا، پانچ کاروباری دنوں میں سینٹرل شکایت سیل کا نمائندہ آپ کو اطلاع کرنے کا پابند ہوگا۔

محکمہ صنعت، تجارت وسرمایہ کاری لاہور
تشکیل ہنرمندی حکومت پنجاب

سینٹرل مانیٹرنگ کمپلینٹ نمبر 0308-0800222

## اپنے حق کے لیے آواز اٹھاؤ

# شکایات کے اندراج کے مختلف ذرائع:





- شکایات سیل میں موجود شکایات رجسٹر میں شکایت درج کروائی جا سکتی ہے۔
- ماڈل بازار سینٹرل کمپلینٹ لائن سے رابطہ کرکے شکایت درج کروائی جا سکتی ہے۔
- شکایات سیل میں موجود ٹیبلٹ کے ذریعے شکایت کا اندراج کروایا جا سکتا ہے۔
- شکایات سیل میں موجود ڈراپ باکس میں شکایت لکھ کر ڈالی جا سکتی ہے۔
- وزیر اعظم سیٹیزن پورٹل کے ذریعے شکایت درج کروائی جا سکتی ہے۔
- ماڈل بازار کی ویب سائٹ پر موجود شکایات کے سیکشن میں جا کر شکایت درج کروائی جا سکتی ہے۔








Complaints Form

**CENTRAL MONITORING COMPLAINT NO. 0308-0800222**

محکمہ صنعت، تجارت و سرمایہ کاری اور تشکیل ہنر مندی، حکومت پنجاب

# Complaint Cell in Model Bazaars


















# آو سیر کو چلیں....




## ماڈل مارٹ، سرگودھا



قارئین! جیسا کہ آپ جانتے ہیں قدرت کی عطا کردہ نعمتوں میں ایک نعمت سیر کرنا بھی شامل ہے جو کہ انسان کو ایک خوش نما احساس عطا کرتی ہے۔ اور اگر یہ سیر ایک پر کشش اور با اعتماد جگہ پر کی جائے جہاں سیر کے ساتھ ساتھ آپ کو ہر قسم کی خریداری بھی ایک ہی چھت تلے میسر ہو تو یہ مزا دوبالا ہو جاتا ہے۔

ماڈل مارٹ سرگودھا، بیکن ہاوس اسکول اور محکمہ آبپاشی کی ہاوسنگ سوسائٹی کے قریبب بالکل ایسے ہی ایک پر فضا مقام پر واقع ہے۔ ماڈل مارٹ سرگودھا صارفین کو روزمرہ زندگی کی تمام اشیا فیملی انوائرمینٹ میں مہیا کرتا ہے۔ کراکری ، گروسری اور عمدہ لباس تک کی فراہمی ماڈل مارٹ میں پائی جاتی ہے۔ کاروباری خواتین و حضرات اور صارفین دونوں کے لئے سازگار اور فیملی ماحول مہیا کرتا ہے۔

ماڈل مارٹ سرگودھا 180 سے زائد اسٹالوں پر مشتمل ہے اور یہ مکمل طور پر سی سی ٹی وی کیمرے اور سکیورٹی گارڈز کے ذریعے محفوظ ہے مصنوعات کے معیار کو یقینی بنانے کے لئے ، سامان کی بروقت فراہمی اور صارفین کے سوالات کو حل کرنے کے لئے، بازار میں ایک شکایت سیل قائم کیا گیا ہے جو نہ صرف صارفین کی شکایات اور تجاویز کو ریکارڈ کرتا ہے بلکہ ان کی شکایت کے بروقت حل کو یقینی بناتا ہے۔ صرف یہ ہی نہیں بلکہ عام لوگوں کو فیملی انوائرمینٹ مہیا کرنا بھی ماڈل مارٹ کا بنیادی مقصد ہے۔ نچلے اور درمیانے طبقے کے خاندانوں کو ایک بہتر کاروباری پلیٹ فارم مہیا کرنا ماڈل مارٹ کی ایک اور خصوصیت ہے۔ علاوہ ازیں اسٹال ہولڈرز کو بجلی، پانی، صفائی ستھرائی اور سکیورٹی خدمات مفت فراہم کی جاتی ہیں۔ ماڈل مارٹ کے عمدہ ماحول اور معیاری اشیا کی فراہمی کے باعث اوسطاً 50000 سے زائد افراد ہفتہ وار بنیاد پراس کا وزٹ کرتے ہیں۔




اگلے صفحے سے پہلے ایک طائرانہ نظر ماڈل مارٹ سرگودھا کی نمایاں خصوصیات پر ڈالتے ہیں:

سازگار کاروباری اور فیملی انوائرومنٹ

صاف ستھرے واش روم کی سہولت

شاپنگ ٹرالیوں کی دستیابی

سکیورٹی گارڈ کی ہر وقت دستیابی

مکمل طور پر ایکٹو شکایات سیل






# Christmas Celebrations



پنجاب ماڈل بازارز مینجمینٹ کمپنی کی جانب سے پنجاب کے تمام ماڈل بازاروں میں کرسمس کے حوالے سے اسٹالز قائم کئے گئے جہاں ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی اور بھر پور طریقے سے لطف اندوز ہوئے۔ نہ صرف بچے "جوائے لینڈ" میں تفریحی جھولوں سے لطف اندوز ہوئے، بلکہ بڑوں نے بھی ماڈل بازار کے مزیدار اور چٹخارے دار کھانوں سے پیٹ پوجا کی ۔ مسیحی صارفین نے بازار انتظامیہ کے حفاظتی انتظامات ،سرکاری نرخوں پر سبزیوں اور پھلوں کی دستیابی اوربازارکی صفائی ستھرائی کی انتہائی تعریف کی۔







CELEBRATING
Quaid-e-Azam Day
25th December
"With faith, discipline and selfless devotion to duty, there is nothing worthwhile that you cannot achieve.
MODEL

# News Buzz

**Additional Deputy Commissioner General Lahore, Mr. Safdar Hussain Virk visited Model Bazaar Wahdat Colony and showed his satisfaction over price and quality control mechanism.**



# News Buzz



## Danish Afzal DC Lahore visited Model Bazaar China Scheme to ensure availability of flour bags throughout the model bazaars.



# Media Highlights



روزنامہ دنیا

آٹے کا بحران نہیں، وافر مقدار میں موجود ہے: ڈپٹی کمشنر

ماڈل واتوار بازاروں میں مجموعی طور پر 26 ہزار آٹے کے تھیلے فراہم


لاہور (اپنے سٹی رپورٹر سے) ڈپٹی کمشنر لاہور دانش افضال نے کہا ہے کہ شہر میں آٹے کا کوئی بحران نہیں ہے اور وافر مقدار میں آٹا مارکیٹ میں دستیاب ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتوار کے روز بیس ٹرک پوائنٹس کے علاوہ ماڈل واتوار بازاروں میں مجموعی طور پر 26 ہزار آٹے کے تھیلے فراہم کیے گئے اور ان کا ریٹ بھی عام مارکیٹ سے کم کر کے 790 روپے رکھا گیا اس کے باوجود 13 ہزار افراد نے خریداری کی جبکہ 13 ہزار تھیلے بچ گئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شادمان، چائنہ سکیم، گلشن راوی اور وحدت روڈ بازاروں کا دورہ کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بازاروں میں اشیا کی کوالٹی اور قیمتوں کا بھی جائزہ لیا۔ ڈی سی لاہور دانش افضال نے کہا کہ عوام الناس مطمئن رہیں، شہر میں آٹے کی قلت نہیں ہے۔

روزنامہ ایکسپریس

ماڈل بازاروں کا نیٹ ورک پورے صوبے میں پھیلانے کا فیصلہ

142 تحصیلوں میں ماڈل بازار کے قیام کی منصوبہ بندی اور جگہ کی نشاندہی کر لی گئی

لاہور (نمائندہ خصوصی) پنجاب حکومت نے غریب عوام کو ریلیف دینے کی ٹھان لی۔ ماڈل بازار موجودہ حالات میں ریلیف دینے کا سب بڑا ذریعہ بن گئے۔ ماڈل بازاروں کی بڑھتی مقبولیت کے پیش ماڈل بازار کا نیٹ ورک پورے صوبے میں پھیلانے کا حتمی فیصلہ ہو گیا جس کیلئے شہروں میں جگہ کی نشاندہی کر لی گئی ہے۔ ایک اندازے کے مطابق ماڈل بازاروں میں 4.3 ملین افراد خریداری کیلئے آتے ہیں۔ پنجاب حکومت نے بڑے شہروں کی طرح چھوٹے شہروں اور تحصیلوں میں ماڈل بازار بنانے کا فیصلہ کر لیا ہے تاکہ یہاں سے غریب عوام کو ریلیف دیا جاسکے۔ ماڈل بازار بنانے کے حوالے سے 142 تحصیلوں میں ماڈل بازار کے قیام کی منصوبہ بندی کر لی گئی ہے جن اضلاع میں ماڈل بازار نہیں وہاں پہلے مرحلے میں ماڈل بازار قائم کیے جائیں گے جہاں عوام کو بروقت اور ایک ہی جگہ پر تمام اشیاء خورونوش مہیا ہو سکیں۔ ماڈل بازاروں میں خواتین کے ساتھ آئے چھوٹے بچوں کے کھیلنے کیلئے جوائے لینڈ اور فوڈ کورٹ بھی بنائے جا رہے ہیں۔ ماڈل بازاروں میں پارکنگ، صفائی اور سیکور ٹیکے انتظامات بہتر بنانے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں جبکہ شکایت سیل بھی قائم کیے گئے ہیں جہاں ڈی سی ریٹ کیخلاف اشیاء خورونوش فروخت کرنیوالوں کیخلاف شکایات پر فوری کارروائی کی جا رہی ہے۔ موجودہ حالات میں آٹے کی مصنوعی قلت پر قابو پانے کیلئے بھی ماڈل بازاروں کا سہارا لیا جا رہا ہے صوبہ بھر کے ماڈل بازاروں میں 10 ہزار آٹے کے تھیلے پہنچا دئے گئے ہیں اور ماڈل بازار میں آٹے کی با آسانی فراہمی کے لئے جگہ بھی مختص کر دی گئی










MODEL

# Media Diary

Daily Nai Baat

نئی بات

لاہور، اسلام آباد، کراچی، کوئٹہ، پشاور، ملتان
فیصل آباد، گوجرانوالہ، سرگودھا اور دبئی سے اشاعت کے لیے منظور شدہ



## باختیار خواتین، اہم ستون


مکرمی!


قائداعظم نے 1944ء میں ایک تقریر میں کہا، کوئی بھی قوم عظمت کے عروج تک نہیں پہنچ سکتی جب تک کہ آپ کی خواتین آپ کے شانہ بشانہ نہ ہوں۔ پچھلے 30 سالوں کے دوران پاکستانی خواتین کی زندگیاں ضرور بدلی ہیں مگر تیزی سے بڑھتے ہوئے دور میں خواتین کو بااختیار بنانے کا مسئلہ آج بھی زیر بحث ہے۔ خواتین کو بااختیار بنانے کا مطلب ہے کہ خواتین کو ان کی زندگی اور کام کے سلسلے میں فیصلے کرنے اور اپنے شعبے میں ذاتی، سماجی، اقتصادی، سیاسی اور قانونی حقوق فراہم کرنے کا حق دیا جائے۔ یعنی خواتین کی معاشی اور معاشرتی ترقی کو تبدیل کرنے کی صلاحیت تبھی ممکن ہے جب قیادت، تربیت اور کوچنگ مشاورت کے ذریعے ان کی زندگیوں کو متاثر کرنے والے فیصلوں میں مکمل طور پر حصہ لینے کی طاقت دی جائے اور خواتین کو معاشرے میں رہنمائی کرنے کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ پنجاب ماڈل بازارز مینجمنٹ کمپنی (پی ایم بی ایم سی) خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے متوازی سطح پر کوشاں ہے یعنی تبعیض کے کسی احساس کے بغیر نچلے و درمیانے طبقے کی کاروباری خواتین کو تمام ماڈل بازاروں میں روزگار کے لئے ایک مکمل، باعزت، اور محفوظ کاروباری پلیٹ فارم مہیا کیا گیا ہے۔ بلاشبہ تمام ماڈل بازاروں میں کام کرنے والی خواتین کی تعداد میں مسلسل اضافے کے ساتھ انہوں نے مالی آزادی حاصل کی ہے، جس نے انہیں اپنی زندگی کی قیادت کرنے اور ان کی اپنی شناخت کی تعمیر کے لئے کافی حد تک آزادی دی ہے۔ مسز نسیم، نبیلہ کوکب، رضیا بی بی اور ایسی بہت سی خواتین جو کہ بیوہ ہونے کے باوجود ماڈل بازاروں میں اسٹال سے اپنا ذاتی روزگار کما کر اپنے بچوں کا پیٹ پال رہی ہیں اور ایک خوشحال زندگی گزار رہی ہیں۔ ماڈل بازاروں میں معاشرتی جہتوں کے پیش نظر نا انصافی اور عدم مساوات پر مبنی تمام امتیازات سے گریز کرتے ہوئے خواتین کی معاشرتی حیثیت یقینی بنائی ہے اور صرف یہ ہی نہیں خواتین کے لئے عوامی اور نجی سطح میں شراکت داری، تشہیر کے ذریعے کاروباری ترقی میں شمولیت، مہارت کی منتقلی کے لئے منظم پروگرام اور فنانس تک کے عناصر کو ممکن بنایا گیا ہے۔


ماریہ اقبال (لاہور)



# Your Say…….






Rashid Khan recommends Punjab Model Bazaars Management Company - PMBMC.

6 January at 15:25


very nice facilities.....one of my colleague recommended me model bazaar........reasonable prices......... i will recommend others to visit punjab model bazaars



Khalid Maqsood recommends Punjab Model Bazaars Management Company - PMBMC.

1 January at 12:44

I visited Township Bazar last week. Amazing facility by the Punjab Government. Will Definitely visit again.



You can also write us:

writings.pmbmc@gmail.com

Join us at Social Media:

https://www.facebook.com/pmbmc2016/

https://www.instagram.com/punjabmodelbazaars

https://www.youtube.com/channel/UCo3TcDQwiAY45vbBt3HBZtw/featured

